20/01/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

راجوری

***.... کھو کھو عالمی کپ 2025 میں بھارت نے شاندار تاریخ رقم کی ہے ۔ مرد اور خواتین دونوں ٹیموں نے ٹرافیاں حاصل کی ہیں ۔ فائنل میچ میں بھارت کی مردوں کی ٹیم نے نیپال کو 36-54 کے سکور سے جبکہ خواتین کی ٹیم نے نیپال کی ٹیم کو 78-40 کے سکور سے ہرا کر جیت درج کی ہے ۔**

***.... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ راجوری کے بڈہال گاو**

ں میں گذشتہ 45 روز کے اندر 17 افراد کی پر اسرار موت کا پتہ لگانے کے لئے کوششیں ؑ جاری ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اگر چہ صحت اور متعلقہ محکموں نے اس سلسلے میں چھان بین کی تاہم ابھی تک وجوہات کا پتہ نہیں لگایا جا سکا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اب پولیس نے ایک گیارہ رکنی خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے ۔

***.... اس دوران ایک بین وزارتی ، مرکزی ٹیم نے مقامی انتظامیہ کے تعاون سے اپنی سطح پر تحقیقات شرو ع کی ہے ۔ مقامی انتظامیہ نے بڈہال میں موجود ایک قدرتی چشمے کو فی الحال سرہ مہر کر دیا ہے جس میں کیڑے مار ادویات کا اثر پایا گیا ہے.**

ٹرانسپورٹ

***.... ادھمپور سرینگر بارہمولہ ریل لائن پر کٹرہ سے بڈگام تک چلائی گئی 18 ڈبوں والی ریل کی آزمائش کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئی ہے ۔ یہ ٹرین کل صبح آٹھ بجے کٹرہ سے روانہ ہوئی تھی ۔ 326 کلو میٹر لمبی ادھمپور سرینگربارہمولہ ریل لائن 41 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کی گئی ہے۔**

*.... جموں کشمیر میں سڑک سلامتی سے متعلق مہینے کے چلتے الگ الگ مقامات پر جانکاری پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے ۔ اس دوران عام لوگوں کے ساتھ ساتھ ڈرائیوروں کو ٹریفک قوانین کی نسبت سے آگاہی دی جا رہی ہے ۔

اس سلسلے میں جموں کشمیر کے ٹرانسپورٹ محکمے کے کمشنر سیکریٹری وشیش پال مہاجن نے نیوز روم کو بتایا ۔

اضلاع

*.... کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹیڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ نے بانڈی پورہ کا دورہ کر کے ضلعے میں بجلی کی سپلائی کے منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ انہوں نے الیکٹرک ڈویژن بانڈی پورہ اور سمبل میں ورکشاپوں اور سٹوروں کا معائینہ بھی کیا ، جس دوران انہوں نے بجلی کے سیکٹر میں دستیاب بنیادی ڈھانچے کا بھی جائزہ لیا ۔

*.... ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر محمد الیاس خطیب نے ٹہاب پلوامہ میں ہائی ٹیک پالی ہاوسز کا دورہ کیا ۔ انہوں نے خطے میں زرعی شعبے کی ترقی کے لئے ہائی ٹیک ٹیکنالوجی کی اہمیت اجا گر کی ۔ ناظم زراعت نے کہا کہ ان کا محکمہ ہالسٹِک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت سال بھر سبزیاں اُگانے کے لئے ایک خصوصی پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے ۔

ملاقات

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے سرحدی علاقوں کے یوتھ ایکسچینج پروگرام میں شرکت کرنے والے چند نوجوانوں سے بات چیت کی ہے ۔ اتر پردیش ، دلی ، ہریانہ ، راجستھان اور مدھیہ پردیش سے تعلق رکھنے والے یہ نوجوان جموں کے پانچ روزہ دورے پر ہےں۔

اسی دوران لیفٹننٹ گورنر سے راج بھون جموں میں کئی شخصیات اور وفود نے ملاقات کی ۔ ایل جی سے ملاقات کرنے والوں میں United Nations ایسو سی ایشن پولینڈ کے بین الاقوامی امو کرنل ریٹائرڈ آر کے شرما // وومن کلب میری پہچان کی بانی // Krinal Shah Suri رکی سربراہ سندھیہ گُپتا // اور جموں کشمیر کے سابق وزیر سُکھ نندن چودھری شامل ہیں ۔

کارنیول

جموں کشمیر ڈے منانے کی ایک کڑی کے تحت نئی دلی کے نِیو موتی باغ کلب میں ایک وِنٹر کارنیول منعقد کیا گیا ۔ یہ کارنیول ریزڈنٹ کمشن جموں کشمیر نے نیو موتی باغ کے رہائشیوں کی ویلفئیر ایسو سی ایشن کے باہمی اشتراک سے منعقد کیا ۔

کارنیول میں مقامی لوگوں خاص طور پر سینئر بیوروکریٹوں اور ان کے اہل خانہ نے حصہ لیا ۔ پروگرام کے دوران جموں کشمیر کی اہم مصنوعات کی نمائش کی گئی ۔

قومی

*.... عالمی اقتصادی فورم کا اجلاس آج سویزر لینڈ کے شہر
داو

س میں شروع ہو رہا ہے ۔ فورم کا یہ 55 واں اجلاس پانچ دن تک جاری رہے گا ، جس میں ¾ بھارت کے شمولیاتی نمو اور ڈیجیٹل انقلاب کے ماڈل پر روشنی ڈالی جائے گی ۔ بھارتی وفد کی قیادت اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کر رہے ہیں ۔

*.... امریکہ میں سینئر سیاسی لیڈر ڈونالڈ ٹرمپ آج ملک کے 47 ویں صدر کی حیثیت سے عہدے اور روزداری کا حلف لے رہے ہیں۔ حلف برداری کی تقریب Capital Rotunda میں منعقد ہو رہی ہے ۔

فٹ بال

میچ کی میزبانی کی ۔ میچ میں I-League گراونڈ سرینگر میں TRC رئیل کشمیر فٹ بال کلب نے رئیل کشمیر فٹ بال کلب نے سپورٹنگ کلب بنگلورو کے خلاف ایک کے مقابلے میں تین گول سے جیت درج کی ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین نے اس موقعے پرمہمان خصوصی کی حیثیت سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے البتہ سرینگر سونہ مرگ روڈ ،// بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اور سنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ